7

بڑی تبدیلی لائیے!

انسانی زندگی تبدیلی اور تغیّر کے مسلسل عمل سے گزر رہی ہے۔ کچھ تبدیلیاں ارادے کے نتیجے میں آتی ہیں، جب کہ کچھ حالات کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ کچھ پسندیدہ ہوتی ہیں اور خوش گوار بھی، جب کہ کچھ تلخی اور سختیوں کے ساتھ رُونما ہوتی ہیں۔ بعض تو بارہا سوچنے اور ارادہ کرنے کے باوجود نہیں آتی ہیں۔

بعض بڑے کاموں کے کوئی اثرات نہیں ہوتے، سوائے وقت اور وسائل کے ضیاع کے...... اور چھوٹے کام توجہ ہی نہیں حاصل کر پاتے۔ اکثر بڑے کاروبار، بڑی جماعتیں آغاز میں کسی ایک فرد کے عمل سے شروع ہوتی ہیں۔

سوال یہ ہے کہ بڑی تبدیلی کیسے لائی جاسکتی ہے؟

- سوچ بلند اور مقاصد عظیم رکھیں۔
- ارادے کی قوت پر قدغن نہ لگائیں۔
- اپنا جائزہ، اپنے اندر رہ کر اور باہر سے دیکھ کر لیں۔
- جب سوچیں تو تازہ اور ازسرِ نو انداز میں سوچیں۔
- چھوٹے کام کو حقیر نہ سمجھیں، بڑے کو ناممکن نہ سمجھیں۔
- اندھا دھند کوشش کرنے کے بجائے، منفعت بخش محنت کریں۔
- نئی شکل اور نئی حیثیت کا اِدراک مستقبل کی روشنی میں کریں۔
- جو کر سکتے ہوں، اس کو، جو نہ کر سکتے ہوں، کی وجہ سے ملتوی نہ کریں۔
- اندرونی تبدیلی کو ظاہر کی تبدیلی پر ترجیح دیں۔
- بڑی تبدیلیاں چھوٹی چھوٹی تبدیلیوں کے نتیجے میں آتی ہیں، لہٰذا چھوٹی تبدیلیوں کے لیے زیادہ محنت کریں۔

سنابل العلم